14/06/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سید مبشر رُفاعی سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائینز

، کینیڈا اور کروشیا کا پانچ روزہ دورہ کل سے شروع-Cyprus *........وزیر اعظم نریند ر مودی کا

*........جموں کشمیر میں وکست کرشی سنکلپ ابھیان اختتام پذیر // لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کسانوں کو با اختیا ربنانے اور دیہی اقتصادی منظر نامے کو مستحکم کرنے کا دُہرایا عزم۔

*........موجودہ حکومت لوگوں کی راحت رسانی اور ان کے معیار حیات میں بہتری لانے کی وعدہ بند// وزیر اعلی عمر عبداللہ

اور

*........اطلاعات و نشریات وزارت کے سیکریٹری سنجے جاجو نے سرینگر میں مختلف میڈیا یونٹوں کے کام کا لیا جائزہ۔

دورہPM

، کینیڈااورکروشیا کے پانچ روزہ دورے پر روانہ ہو رہے ہیں۔ پہلے مرحلے Cyprus وزیرا عظم نریندر مودی کل کا دورہ کریں گے ۔ دوسرے مرحلے میں وہ 16جون کو کینیڈا جائیں گے جہاں Cyprus میں وزیر اعظم کا دورہ کریں گے ۔ ان Croatia اجلاس میں شرکت کریں گے۔حتمی مرحلے میں وزیر اعظم18جون کوG7وہ ممالک کے دورے کے دوران وزیر اعظم وہاں کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ دو طرفہ میٹنگونمیں رشتوں کو مستحکم کرنے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کریں گے۔

کرشی سنکلپ

جموں کشمیر میں29مئی کو شروع ہوا 15روزہ وکست کرشی سنکلپ ابھیان آج اختتام پذیر ہوا ۔ اس ضمن میں شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچر ل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے اہتمام سے کھڈونی میں اختتامی تقریب منعقد ہوئی ۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انتظامیہ جموں کشمیرکے کسانوں کو با اختیار بنانے کےلئے پر عزم ہے تاکہ وہ2047تک وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں اپنا رول ادا کرسکیں۔انہوں نے کہاکہ ابھیان کی بدولت جموں کشمیر کے زرعی منظر نامے کو جدیدیت سے ہمکنار کرانے نیز یو ٹی کو اقتصادی طور مستحکم کرنے میں مدد ملے گی۔بعد میں ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے منوج سنہا نے کہا۔

تقریب پر کابینی وزراءسکینہ ایتو، جاوید احمد ڈار، جنوبی کشمیر کے تمام ارکان اسمبلی کے علاوہ زرعی یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی ،ڈائریکٹر ایکسٹنشن ڈاکٹر رئیحانہ حبیب کنٹھ، مختلف محکموں کے سربراہاں اور کافی تعداد میں سائنسدان اور کسان بھی موجود تھے۔

## ایل جی اننت ناگ

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے آج ہاپت ناڑاننت ناگ جا کر سید عادل حسین کے افراد خانہ کے ساتھ ملاقات کی۔ سید عادل حسین 22اپریل کو پہلگام میں ہوئے دہشت گردانہ حملے کے دوران سیاحوں کو بچاتے ہوئے جان بحق ہوئے تھے ۔ ایل جی نے ان کی اہلیہ گلناز اختر کونوکری کا تعیناتی لیٹر سونپا ۔ اس موقعے پر ایل جی نے کہا کہ پورے ملک کو عادل کی بہادری پر فخر ہے۔

ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے ایل جی نے کہا۔

## ایل جی پہلگام

دریں اثنا لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج پہلگام میں ننون بنیادی کیمپ پر ڈیزاسٹر منیجمنٹ اور یاترای نواس پر ہو رہی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوننے 3جولائی سے شروع ہونے والی سالانہ شر ی امر ناتھ جی یاترا کیلئے کئے جا رہے سلامتی اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مختلف محکموں کے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ یاترا کے احسن انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے باہمی تال میل کیساتھ کام کریں اور تمام انتظامات وقت سے پہلے مکمل کریں ۔ بعد میں ہمارے اننت ناگ کے نمائندے تصدق رشید کے ساتھ بات کر تے ہوئے ایل جی نے کہا۔۔۔

لیفٹنٹ گورنر نے کئی سیاحتی مقامات کو کھولے جانے سے متعلق کہا۔

## این سی

نیشنل کانفرنس کے نائب صدر اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ حکومت عوام کو در پیش مسائل سے پوری طرح واقف ہے اور حکومتی مشینری ان مسائل کو حل کرنے کیلئے تن دہی کے ساتھ کام کر رہی ہے۔سرینگرمیں پارٹی ہیڈ کواٹر پر پارٹی کے لیڈروں اور کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ لوگوں کے معیار حیات میں بہتری لانے اور انہیں مختلف سہولیات دستیاب کرانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اس موقعے پر تنظیمی امور کو بھی زیر بحث لایاگیا۔

## سیکریٹری دورہ

اطلاعات و نشریات وزارت کے سیکریٹری سنجے جاجو نے آج وادی کے دورے کے دوران سرینگر میں وزارت کے میڈیا یونٹوں کے کام کاج کا جائزہ لیا۔ آکاشوانی سرینگر میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے لوگوں تک جانکاری اور تفریحی پروگرام پہنچانے کےلئے نئے نئے پلیٹ فارموں کو بروئے کار لانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوننے کہا کہ خبروں اور پروگراموں کا دائرہ کار وسیع کیا جانا چاہئے۔ انہوں نے آکاشوانی سرینگر میں نیوز روم، سٹیڈیوز اور دیگر سیکشنوں کا دورہ کر کے وہاں دستیاب بنیادی ڈھانچے پر اطمینان کا اظہار کیا ۔ انہوننے عملے کے کام کی بھی ستائش کی۔ سنجے جاجو نے آکاشوانی سرینگر کے کام کاج کو مزید بہتر بنانے کےلئے وزارت کے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔میٹنگ میں آکاشوانی نیوزکے سربراہ طارق راتھر،ڈپٹی ڈائریکٹر انجینئرنگ راجیش سری واستوا، آکاشوانی سرینگر کے پروگرام سربراہ غلام رسول آخون، پروگرام ایگزیکٹیو ڈاکٹر ستیش وِمل، نیوز ایڈیٹر اشفاق احمد شاہ اور سینٹرل بیورو آف کمیونکیشن کے فیلڈ پبلسٹی آفیسر سرینگرنصیر راتھر اور کئی دیگر افسران بھی موجود تھے۔

اس سے پہلے سیکریٹری موصوف نے دوردرشن کیندر سرینگر میں ایک خصوصی میٹنگ کے دوران دوردرشن اور دیگر میڈیا یونٹوں کی کارگذاری کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقعے پر کیندر کے اسسٹنٹ انجینئر ایس این عابدی

اور پروگرام ایگزیکٹیو طلحہٰ جہانگیر بھی موجود تھے۔ سیکریٹری نے ڈی ڈی کاشر کو مزید فعال اور عوام دوست بنانے پر زور دیا۔ دورے کے دوران اطلاعات محکمے کے سیکریٹری منیرالاسلام اور محکمہ کے ڈائریکٹر نتیش راجورہ بھی انکے ہمراہ تھے۔

بعد میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر کے ساتھ بات کر تے ہوئے سنجے جاجو نے کہا۔

وِشیش پال

ٹرانسپورٹ کمشنر وِشیش پال مہا جن نے آج پہلگام کا دورہ کرکے وہاں ٹرانسپورٹ انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوننے ٹرانسپورٹ آپریٹروں پر زور دیا کہ وہ ٹریفک قوانین پر عمل کریں تاکہ یاتریوں کو کسی قسم کی دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

یو گا

یو گا کے بین الاقوامی دن میں اب7دن باقی رہ گئے ہیں اور اس دن کو بڑے پیمانے پر منانے کےلئے ملک بھر میں تیاریاں کی جا رہی ہیں۔آیوش کے مرکزی وزیر پرتاپ راؤ جادھو نے آج نئی دلی میں گلوبل یوگا سمٹ سے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ دور جدید میں دنیا کو مختلف چلینجوں کا سامنا ہے اور بھارت نے عالمی امن کو تقویت بخشنے کےلئے دنیا کو یو گا کا تحفہ دیا ہے۔

ادھر انسان کی ذہنی و جسمانی نشو نما پر یوگا کے مثبت اثرات کے حوالے سے معروف یو گا تھرپسٹ اور یو گا سوسائٹی آف کشمیر کے بانی ڈائریکٹر شبیر احمد ڈار نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

اطلاع

یو گا کی اہمیت کے بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کا تیار کردہ ایک خصوصی پروگرام آج رات ساڑھے 8بجے نشر ہو گا۔ پروگرام کے مہمان ہیں معروف یو گا تھرپسٹ اور یو گا سوسائٹی آف کشمیر کے بانی ڈائریکٹر شبیر احمد ڈار۔ انکے ساتھ ہمکلام ہونگے آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کی موبائیل ایپلیکشن نیوز آن

عالمی دن

آج خون کا عطیہ دینے سے متعلق بیداری پیدا کرنے کا عالمی دن ہے۔ آج کے دن لوگوں کو انسانی بقاءکےلئے خون کا عطیہ دینے کےلئے راغب کیا جاتا ہے اور دوسری طرف اُن لاکھوں رضاکاروں کو خراج تحسین پیش کیا جاتا ہے ، جو بنا کسی معاوضے کے دوسروں کےلئے خون کا عطیہ دیتے ہیں۔ خون کا عطیہ دینے کی اہمیت کے بارے میں سکمز صورہ میں بلڈ ٹرانسفیوجن اور Immuno Haematology شعبے کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد زُبیر قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

کے صدر شبیر حسین خان ،جنہوننے کئی NGO نامی Red Drop اس ضمن میں ایک سینئر سماجی کارکن اور مرتبہ خون کاعطیہ دیا ہے،نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا ۔

نشہ مکت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

...........(PM)....Byte...........

بیروہ بڈگام DIET جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں کے سابق پرنسپل رویندر کمار بٹ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

بی جے پی

بی جے پی جمونو کشمیر کی طرف سے آج پارٹی ہیڈ کواٹر جموں میں بی جے پی صدر ست شرما کی قیادت میں ایک شردھانجلی سبھا کا انعقاد کیا گیا، جس میں احمد آباد میں پیش آئے جہاز حادثے میں جان بحق ہوئے لوگوں کو خراج عقیدت ادا کیا گیا۔ اس موقعے پر سوگوار کنبوں کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا گیاسبھا میں پارٹی کے جنرل سیکریٹری اشوک کول اور کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔

NEET

انڈ گریجویٹ2025کے نتائج کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس امتحان NEET کی طر ف سےNTA قومی ٹیسٹنگ ایجنسی کر لیا Qualify میں22لاکھ9ہزار318امید وار شامل ہوئے تھے ، جن میں سے 12لاکھ36ہزار 531امید واروں نے ہے۔ جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے 49ہزار326امید وار اس امتحان میںشامل ہوئے تھے جن میں سے کیا ہے Qualify- 24ہزار15امید وار وں نے یہ امتحان

ایڈوائزری

وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ ایران میں موجود بھارتی باشندے اور بھارت نژاد افراد ضرورت پڑنے پر ایران میں بھارت کے سفارتخانے سے ایمر جنسی نمبروں پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔ نمبر اس طرح ہیں:-

ا ور 989128109115-989128109109

اس سے پہلے سفارت خانے نے ایران کی موجودہ صورتحال کے چلتے ایڈوائزری جاری کی تھی جس میں تمام شہریوں اور ایران میں مقیم بھارتی باشندوں سے کہا گیا تھا کہ وہ چوکس رہیں اور غیر ضروری سفر سے اجتناب کریں۔

جہاز حادثہ

احمد آباد میںائر انڈیا جہاز حادثے میں مرنے والوں کی تعداد254تک پہنچ گئی ہے۔ اس جہا ز میں عملے سمیت242افراد سوار تھے۔جن میں سے بھارتی نژاد ایک برطانوی شہری معجزاتی طور بچ گیا ۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30اعشاریہ3ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19اعشاریہ 4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 41ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 27اعشاریہ9ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر19 منٹ پر اور

غروب آفتاب شام7بجکر44منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

..................................................

...........................

...........